© rasailojaraid.com

عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆ حکمرانوں کو مجبوراً اقتدار چھوڑنا پڑے گا۔ (شہباز شریف)

"جیسے مجھے چھوڑنا پڑا تھا"

☆ عوام کو وردی کی فکر نہیں، اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں۔ (گورنر خالد مقبول)

"اور مسائل ہم نے حل کر دیئے ہیں"

☆ اسامہ اور مُلّا عمر زندہ ہیں۔ (القاعدہ کا دعویٰ)

بش اور بلیئر خیر منائیں!

☆ نوابزدہ کی سیاست، عبادت کا درجہ رکھتی ہے۔ نصر اللہ کو سیاسی پیغمبر مان لیا۔ (اجمل قادری)

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی؟

☆ عراق میں امریکی فوجیوں نے برطانوی صحافی کو گولی ماری۔ (امریکہ کا اعتراف جرم)

"چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے"

☆ نوکری پیشہ کا کردار کبھی قابل ذکر نہیں رہا۔ (حسن نثار)

آپ بھی تو ایک نوکری پیشہ کردار ہیں......!

☆ پاکستانی فوجیوں کی شہادت پر امریکی معذرت قبول! (ایک خبر)

"آپ تو ہمارے مائی باپ ہیں!"

☆ اپوزیشن کو پارلیمنٹ چلا کر دکھائیں گے۔ (جمالی)

پارلیمنٹ ہے یا کوئی ویگن ہے!

☆ زرداری نے ایک ارب ڈالر، امریکہ، سوئٹزر لینڈ اور برطانیہ منتقل کیے۔ (امریکی رپورٹ)

اربوں کی لوٹ مار ہے، ہیروں کا ہار ہے
رہزن تو اک فریب تھا، ہے رہنما فریب

☆ پرویز مشرف میرے باس ہیں ☆ واجپائی میرے بزرگ ہیں۔ (جمالی)

کس بات کو صحیح سمجھا جائے!

☆ ۲۰۰۷ء میں بجلی سستی کر دی جائے گی۔ (آفتاب شیر پاؤ)

"کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک"


© rasailojaraid.com